http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے کا 22 سال | ABC Certified | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر علی منصور

جلد : 23 | 26 ذی الحجہ 1446ھ پیر 23 جون 2025ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 077

پاکستان اور ترکیہ کا ایران کی خودمختاری، دفاع کے حق کی غیر مشروط حمایت کا اعادہ

ملاقات کے دوران پاکستان اور ترکیہ کی قیادت نے ایران پر اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کی اور دونوں رہنماؤں نے اسرائیلی حملوں کو بین الاقوامی قوانین کے بنیادی اصولوں کی صریح خلاف ورزی قرار دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے استنبول میں او آئی سی وزرائے خارجہ اجلاس کے موقع پر ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے اعلامیے کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید گہرا اور مضبوط کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے ترک صدر کو اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے امریکا یا اسرائیل کو ایران کے خلاف حملے کی بھی جگہ کے لیے اپنی فضائی حدود، زمینی یا بحری جگہ استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی اور نا ہی دے گا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے

وزیراعظم شہباز شریف کا تنبیہی پیغام پہنچا دیا اور کہا کہ پاکستان ترکیہ کے ساتھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

اسرائیل ایران جنگ سے متعلق چند اہم فیکٹ چیک

حقائق کو پاکستان کا اصولی موقف کیا ہے؟

21/22 جون کی رات ایرانی جوہری تنصیبات پر کیے گئے امریکی حملے کی مذمت کی ہے۔ وزارت خارجہ نے اس حوالے سے واضح بیان بھی جاری کیا ہے۔ پاکستان نے مختلف بین الاقوامی فورمز پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

امریکی حملے سے ایک دن قبل ہی ایران نے پورٹینگ مختل کردیا تھا، روسی چینی ماہرین

بیجنگ ، ماسکو (نیٹرنگ ڈیسک) امریکی حملے سے ایک دن قبل ہی ایران نے پورٹینگ مختل کردیا تھا۔ چین اور روسی سیٹلائٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)



ایران کا ایٹمی پروگرام مکمل تباہ کردیا، مزاحمت ہوئی تو انتہائی سخت جواب دینگے، امریکی صدر کی دھمکی

امریکی حملے میں 87 ایرانی زخمی

ایران کے جوابی حملے کیلئے تیار ہیں: امریکی نائب صدر

اسرائیل پر میزائلوں کی بارش، آبنائے ہرمز بند کرنے کا اعلان

امریکی حملے کے بعد ایران کا پہلا ردعمل

امریکا نے ایران کی جوہری تنصیبات پر حملہ کر کے بین الاقوامی قوانین کی سنگین اور بے مثال خلاف ورزی کی ہے، دنیا یہ نہ بھولے کہ سفارتی عمل کے دوران سب سے بڑی خیانت امریکا نے کی، جس نے اسرائیل کی جارحیت کی حمایت کر کے ایران کے خلاف خطرناک جنگ کا آغاز کیا، ایرانی وزارت خارجہ

واشنگٹن، تہران (نیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پارلیمنٹ کی جانب سے آبنائے ہرمز کی بندش کی منظوری دے دی گئی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق آبنائے ہرمز کی بندش کا حتمی فیصلہ سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کرے گی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق آبنائے ہرمز کی بندش کا حتمی فیصلہ سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کرے گی۔ ایرانی پارلیمنٹ کی منظوری دے دی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کی اعلیٰ سیکیورٹی قیادت پارلیمنٹ کے فیصلے کی حتمی منظوری دے گی۔

ایران نے یہ قدم مٹلیٹ میں بیرونی کشیدگی، امریکی پابندیوں اور اسرائیل کے ساتھ حالیہ تصادم کی تناظر میں اٹھایا گیا ہے۔ ایران کا ایٹمی پروگرام مکمل تباہ کردیا، مزاحمت ہوئی تو انتہائی سخت جواب دینگے۔ امریکی وزیر دفاع نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی حملوں میں کسی بھی ایرانی فوجی حکام یا عوام کو نشانہ نہیں بنایا۔ امریکی وزیر دفاع اور بیفاکا گون حکام نے پریس بریفنگ میں کہا ہے کہ بار بار کہا تھا کہ ایران کو ایٹمی طاقت بننے نہیں دینگے۔ ان کا کہنا تھا کہ پرشش کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

اسحٰق: فیلڈ مارشل عاصم منیر اور آئی سی کانفرنس میں ترک صدر رجب طیب اردگان سے ملاقات کر رہے ہیں

جہاد کا اعلان صرف ریاست کر سکتی ہے کسی فرد یا گروہ کو یہ اختیار حاصل نہیں

بھارت پاکستان میں دہشتگردی کی پشت پناہی کر رہا ہے، پاک فوج جدید جنگی حکمت عملی کے ساتھ دشمن کو جواب دے رہی ہے، نسلی یا لسانی نفرت جہالت ہے،

تمام پاکستانی برابر ہیں، متحد رہیں گے تو کوئی طاقت ہمیں شکست نہیں دے سکتی، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

اقتدار حاصل نہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کراچی میں مختلف مذاہب اور سماجی حلقوں سے ملاقاتیں اور جذباتی خیال کی مختلف مذاہب اور سماجی حلقوں کی جانب سے ڈی جی آئی ایس پی آر کا دلیرانہ خیر مقدم کیا اور ان سے بھرپور اظہار یکجہتی کیا گیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے ملاقات کے دوران کہا کہ پاکستان میں تمام مذاہب کے ماننے والے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

کراچی: ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

اپنی فضائی حدود، سمندر اور حدود کو ایران کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینگے، پاکستان

پاکستان نہ صرف ایران کے خلاف اسرائیلی حملوں کی مذمت کرتا ہے بلکہ سیاسی، سفارتی اور اخلاقی سطح پر ایران کی مکمل حمایت جاری رکھے گا، حکومتِ پاکستان اس موقف کا متعدد بار بین الاقوامی فورمز پر جرات مندی سے اعادہ کر چکی ہے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے ایرانی جوہری تنصیبات پر امریکی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ اپنی فضائی، زمینی یا سمندری حدود کسی بھی امریکی یا اسرائیلی کارروائی کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہ دی ہے اور نہ ہی دے گا۔ وزارت خارجہ کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

امریکی جارحیت کا جواب ایران کیسے دے گا؟

تین ممکنہ آپشنز زیر غور

تہران (نیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی جانب سے ایران کی جوہری تنصیبات پر حملے کے بعد ایران کے حکمران رہبر معظم سے متعلق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)



خلیج میں آگ، دنیا اختتام کے دہانے پر؟

ایران، اسرائیل اور امریکہ کی نئی جنگ

ایران اور اسرائیل کے درمیان کئی دہائیوں پر محیط کشیدگی 2025 کے وسط میں اس نہج پر پہنچ چکی ہے جہاں جنگ صرف علاقائی نہیں رہی، بلکہ اس کے اثرات پوری دنیا پر مرتب ہو رہے ہیں۔ تازہ ترین صورت حال میں اسرائیل نے ایران کے اندر مختلف تنصیبات پر فضائی حملے شروع کیے، جن کے جواب میں ایران نے میزائلوں اور ڈرونز سے بھرپور جوابی کارروائی کی۔ ان جھڑپوں نے ایک ایسی آگ بھڑکائی ہے جو اب خلیج سے نکل کر عالمی افق پر سایہ ڈال رہی ہے۔ اس کشیدہ ماحول میں جب امریکہ نے 21 جون کو ایران کی تین اہم جوہری تنصیبات کو نشانہ بنایا، تو بین الاقوامی سیاست کے پنڈولم نے ایک نیا رخ اختیار کر لیا۔ واشنگٹن نے یہ حملے اسرائیل کے ''دفاع'' میں کیے، مگر دنیا بھر میں اس اقدام کو خطرناک پیش رفت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ تہران نے ان حملوں کو کھلی جارحیت قرار دیا اور عندیہ دیا کہ اگر ایسے اقدامات جاری رہے تو وہ بین الاقوامی آبی راستے، خاص طور پر آبنائے ہرمز، کو بند کر دے گا۔ ایران کا یہ ردعمل بلاوجہ نہیں۔ ہرمز کی تنگ گزرگاہ سے دنیا کے تیل کا 30 فیصد گزر کر جاتا ہے۔

اگر ایران نے اسے بند کرنے کی عملی کوشش کی، تو نہ صرف تیل کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگیں گی، بلکہ عالمی معیشت کو ایسا دھچکا لگے گا جس سے سنبھلنا آسان نہ ہوگا۔ فی الحال عالمی منڈی میں تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچ چکی ہے، جبکہ بڑے مالیاتی ادارے اور سرمایہ کار سونے، ڈالر اور دیگر محفوظ اثاثوں کی طرف رجوع کر چکے ہیں۔ اقوامِ متحدہ، یورپی یونین، روس، چین اور پاکستان سمیت دنیا کے کئی ممالک نے امریکہ کے اقدام کی مذمت کی ہے اور فریقین سے فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے۔ تاہم زمینی حقائق بتا رہے ہیں کہ اس مطالبے کی بازگشت فضا میں ہی رہ گئی ہے۔ اسرائیل اپنی مہم کو "ایران کے نیوکلیئر خطرے" کے خاتمے کا نام دے رہا ہے، جبکہ ایران اسے اپنی خودمختاری پر حملہ تصور کرتا ہے۔ صورتحال صرف سیاسی یا سفارتی نہیں رہی، بلکہ اس کا انسانی پہلو بھی ابھرنے لگا ہے۔ تہران سمیت مختلف ایرانی شہروں میں خوف و ہراس پھیل چکا ہے۔ لاکھوں شہری محفوظ علاقوں کی طرف ہجرت کر چکے ہیں، جبکہ اسپتالوں، پناہ گزین کیمپوں اور خوراک کی فراہمی کا نظام دباؤ کا شکار ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی شہریوں کو بھی مسلسل راکٹ حملوں کی زد میں رہنے کا خطرہ لاحق ہے۔

دنیا کی بڑی طاقتیں ایک بار پھر دو دھڑوں میں تقسیم ہوتی دکھائی دے رہی ہیں۔ امریکہ، اسرائیل اور ان کے چند مغربی اتحادی ایک طرف ہیں، جبکہ روس، چین اور کئی دیگر ممالک ایک الگ بیانیہ پیش کر رہے ہیں۔ یہی تقسیم عالمی سطح پر وہ کشیدگی پیدا کر سکتی ہے جو ماضی میں دوسری جنگِ عظیم یا سرد جنگ کے زمانے میں دیکھی گئی تھی۔ سب سے اہم سوال یہ ہے کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے؟ اگر امریکہ، اور اسرائیل اپنی عسکری مہم جاری رکھتے ہیں اور ایران جوابا گلف میں شدت پیدا کرتا ہے تو اس کا اثر عالمی تجارت، معیشت، تیل، امن و امان اور بین الاقوامی تعلقات پر پڑے گا۔ ایک عالمی جنگ کا امکان تو فی الحال بعید ہے، مگر جو صورتحال بن چکی ہے، اس میں ایک بڑی علاقائی جنگ کسی بھی لمحے بین الاقوامی سانحہ بن سکتی ہے۔ اب وقت ہے کہ دنیا کے فیصلہ ساز سربراہان، سفارتی حلقے اور اقوام متحدہ جیسے ادارے اس آگ کو پھیلنے سے روکیں۔ کیونکہ اگر یہ شعلے مزید بڑھے، تو صرف ایران یا اسرائیل ہی نہیں، پوری دنیا اس کی لپیٹ میں آ سکتی ہے۔ خلیج میں جلنے والا ایک بم، دنیا کے امن کو تباہ کر سکتا ہے۔ اور پھر شاید بہت دیر ہو جائے۔

امریکی حملے پر سعودی عرب، عمان، قطر اور عراق کا ردعمل بھی سامنے آگیا

ریاض (نیٹرنگ ڈیسک) ایران کی جوہری تنصیبات پر امریکی حملوں کے بعد مشرق وسطیٰ کے کئی ممالک نے سخت ردعمل دیا ہے۔ سعودی عرب، عمان، قطر اور عراق نے امریکی کارروائی کو غیر قانونی اور خطرناک قرار دیتے ہوئے فوری طور پر کشیدگی ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

ثابت ہوگیا امریکہ اور اسرائیل طاقت کی زبان سمجھتے ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (نیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ثابت ہوگیا امریکہ اور اسرائیل طاقت کی زبان سمجھتے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ نے جوہری تنصیبات پر حملہ کر کے جارحیت کی، امریکی جارحیت کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

بینظیر بھٹو کی قربانیاں اور وژن پیپلز پارٹی کی میراث ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی قربانیاں، وژن اور عوام سے وابستگی پیپلز پارٹی کی اجتماعی میراث ہے۔ صدر مملکت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

وزیراعظم اور ایرانی صدر کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ، امریکی حملوں کی مذمت

مذاکرات ہی آگے بڑھنے کا واحد قابل عمل راستہ ہے

پاکستان امن کے قیام کے لیے فوری طور پر مذاکرات اور سفارتکاری کی ضرورت پر زور دیتا ہے، مذاکرات ہی آگے بڑھنے کا واحد قابل عمل راستہ ہے اور کشیدگی کم کرنے کے لیے فوری طور پر اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے، وزیراعظم کا ایران کے برادر عوام اور حکومت کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور ایران کے صدر مسعود پزشکیان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں وزیراعظم نے ایران پر امریکی حملوں کی شدید مذمت کی۔ وزیراعظم نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے رئیسوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ وزیراعظم نے ایران کے برادر عوام اور حکومت کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا اور کہا کہ پاکستان امن کے قیام کے لیے فوری طور پر مذاکرات اور سفارتکاری کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔

عالمی رہنماؤں کی امریکہ کے ایران پر حملوں کی شدید مذمت

جنیوا (نیٹرنگ ڈیسک) ایران کی جوہری تنصیبات پر امریکی حملے کے بعد لاتینی امریکہ کے کئی ممالک کے رہنماؤں نے اس کارروائی کی شدید مذمت کی ہے اور اسے بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی صریح خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ کیوبا کے صدر میگوئیل دیاز نے کہا ہے کہ ایرانی جوہری تنصیبات پر حملے کے بعد مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی میں مزید (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

عالمی برادری کشمیر اور فلسطین کے حقوق کی حمایت کرے، اسحاق ڈار

استنبول (نیٹرنگ ڈیسک) او آئی سی مقبوضہ جموں و کشمیر رابطہ گروپ کا اجلاس استنبول میں منعقد ہوا جس میں پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اہم خطاب کیا۔ اس اجلاس میں اسحاق ڈار نے مقبوضہ کشمیر میں جاری مظالم، بھارتی جارحیت اور مسئلہ کشمیر کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

آئی ایم ایف نے اساتذہ کو ٹیکس چھوٹ دینے کی حکومتی تجویز مسترد کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے اساتذہ کو ٹیکس چھوٹ دینے کی حکومتی تجویز مسترد کر دی، جس کے بعد کم ہوا لی 2025 سے یہ رعایت ختم کر دی جائے گی۔ اس بات کی تصدیق چیئرمین ایف بی آر نے پارلیمانی اجلاس میں کی چیئرمین ایف بی آر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

سندھ رینجرز اور پولیس کی مشترکہ کارروائی 2 انتہائی مطلوب ملزمان گرفتار

کراچی (رپورٹ عامر صابر) پاکستان رینجرز (سندھ) اور پولیس نے ایلیٹ فورس معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے سعود آباد اور ایئر پورٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

عوام کا اسپتالوں میں گھنٹوں انتظار معمول بن چکا ہے، مصطفیٰ کمال

کراچی جتنا سندھ کا ہے اتنا پاکستان کا بھی ہے

خالد مقبول

اگر کراچی سندھ کے بجٹ کا 97 فیصد دیتا ہے تو یہ پورے صوبے کا مالک ہے اس کے باوجود یہ شہر دنیا کے بدترین ممالک میں شامل ہے، چیئرمین ایم کیو ایم

اگر ہم نے موجودہ صورتحال کو قومی صحت پالیسی کا حصہ نہ بنایا تو آنے والے دنوں میں مسائل سنگین ہو سکتے ہیں، وفاقی وزیر صحت

ڈاکٹر نادیہ عزیز مصطفیٰ کہتی ہیں کہ پاکستان اور سندھ کسی کے باپ کا نہیں۔ کراچی جتنا سندھ کا ہے۔ اتنا ہی اس ملک کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

سندھ پولیس میں ایس ایچ اوز کی تقرری وتبادلے کیلئے نیا ضابطہ جاری

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) سندھ پولیس میں ایس ایچ او زکی تقرری وتبادلے کے لیے نیا ضابطہ جاری کردیا گیا۔ جاری کردہ نئے ضابطے کے مطابق اہل افسران کی تعیناتی کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

جماعت اسلامی کا ایران پر امریکی جارحیت کیخلاف آج یوم احتجاج کا اعلان

امریکہ اخلاقی طور پر کسی بھی چیز کو خاطر میں نہیں لا رہا صرف طاقت سے بات کر رہا ہے، امریکہ کا زوال شروع ہو چکا،

دنیا بھر کے باضمیر انسانوں کا ظالموں کے خلاف اتحاد ہونا چاہیے، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی نے امریکہ کی طرف سے ایران پر ہونے والی جارحیت کے خلاف ملک بھر میں آج یوم احتجاج منانے کا اعلان کردیا۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے ایران پر امریکا کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

جابہ چاپولیس اور ٹریفک پولیس کے ناکے شہری خوفزدہ رہنے لگے

جاری کھلے عام رشوت طلبی، بھتہ خوری اور ہراسانی پر رنجھو لین کے مکینوں کا شدید احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہریوں نے کراچی میں پولیس اور ٹریفک اہلکاروں کی جانب سے جاری کھلے عام رشوت طلبی، بھتہ خوری اور ہراسانی پر شدید احتجاج کرتے ہوئے آئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے امریکی حملے کو خطرناک قرار دے دیا

اس نازک لمحے میں یہ انتہائی ضروری ہے کہ افراتفری کے دائرے میں نہ پھنسیں، کوئی فوجی حل نہیں ہے، انتونیو گوتریس

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

منشیات فروشوں کی سرپرستی میں پولیس افسران ملوث ہیں، وزیر داخلہ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار کے چیف منشیات فرش کی سرپرستی میں پولیس افسر ملوث ہیں۔ ایس کالی بھیڑوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ سندھ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

ایم کیو ایم کا چیلنج سندھ میں صوبے بنانے کی باتوں سے ہی بکتا ہے

سعید غنی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ بجٹ 2025-26 میں محکمہ بلدیات کے تحت سندھ بھر کے لیے 131.9 ارب روپے میں سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

سکھر کے لیے ترقیاتی تحفہ، گڈانی پھاٹک پر شہید محترمہ بینظیر بھٹو فلائی اوور کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم تھیں، جنہوں نے جمہوریت کی جنگ میں قربانیاں دیں، جیلیں کاٹیں اور آمریت کا جرات مندی سے سامنا کیا، میئر سکھر

سکھر (بیورو رپورٹ) شہید محترمہ بینظیر بھٹو (72 ویں سالگرہ کے موقع (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

کراچی: پاکستان رینجرز سندھ پولیس کے انتہائی مطلوب ملزمان کیخلاف کارروائی کے لئے جارہے ہیں، دوسری جانب ملزمان کی واردات کرتے ہوئے حاصل کی گئی سی سی ٹی وی فوٹیج

پولیس اور اسٹریٹ کرمنلز کے درمیان مقابلے، تین ملزمان گرفتار، ایک فرار

پولیس نے فرار ملزم ستار کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

سکھر پولیس کا سماجی برائیوں میں ملوث افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

سکھر (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی سکھر ظفر علی کی ہدایت پر سکھر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

مٹی پور فسادات، مودی سرکار کی غفلت اور سیکورٹی کی ناکامی ثابت

مٹی پور (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ریاست تمل پور طویل عرصے سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

ہوٹر کے قریب جنگل پیر علیزئی میں ڈی ڈی کی کارروائی 5 دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور حساس مقامات کے نقشے بھی برآمد کیے گئے ہیں، کارروائی کو

کامیاب قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ دہشت گرد پنجشین اور قلعہ عبداللہ میں دہشت گردی کرتے تھے، ترجمان سی ٹی ڈی

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) کوئٹہ کے قریب بنگلی پیر علیزئی میں سی ٹی ڈی نے کارروائی کی، فائرنگ کے تبادلے میں پانچ دہشتگرد مارے گئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گردوں سے اسلحہ، گولہ بارود اور حساس مقامات کے نقشے برآمد ہوئے۔ ترجمان کا کہنا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

راولپنڈی: بی ایس کرمنالوجی ڈیپارٹمنٹ کے فیکلٹی ممبران اور طلباء این ایف ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کر رہے ہیں

چینی مافیا بے لگام، چینی کی ملک گیر قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ

راولپنڈی، کراچی اور پشاور میں فی کلو چینی 190 روپے میں فروخت ہو رہی ہے

ملک کے مختلف شہروں میں چینی کی قیمتوں میں تیز رفتاری سے اضافہ جاری ہے، جس نے عام صارفین کے لیے زندگی مزید مشکل بنا دی ہے۔ رپورٹس کے مطابق اسلام آباد میں چینی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

کراچی کا بارشوں میں ڈبونے کا خدشہ پیدا ہو گیا

برائے نام نالہ صفائی کے لیے ایڈوٹس ٹھیکہ کرکے چند نالوں کی صفائی شروع کر دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی دہشت گرد امریکہ، اسرائیل و بھارت کی جارحیت کے خلاف ملت جعفریہ پاکستان کی جانب سے نمازِ جمعہ کے بعد سینٹرک عظیم الشان مردہ باد اسرائیل ریلی نکالی گئی جس کی قیادت ملت جعفریہ پاکستان کے رہنماؤں نے کی ریلی میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

عالمی دہشت گرد امریکہ، اسرائیل و بھارت کی جارحیت کے خلاف

عظیم الشان مردہ باد اسرائیل ریلی

ایران پر حملوں کے بعد روس کا محتاط ردعمل، پیوٹن کا ٹرمپ سے بات کرنیکا فوری ارادہ نہیں

روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے فوری طور پر بات کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے، تاہم اس اہم معاملے پر جلد ہی فون کال متوقع ہے، کریملن

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران پر امریکی حملوں کے بعد عالمی سطح پر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

یوبی 9 جناح ٹاؤن لائنز ایریا میں کیچر اکنڈی رہائشیوں کے لئے عذاب بن گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) یوبی 9 جناح ٹاؤن لائنز ایریا میں کیچر اکنڈی رہائشیوں کے لئے عذاب بنی جاری ہے۔ ٹاؤن، یونین کونسل اور سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی جانب سے بروقت صفائی نہ ہونے پر کچرا سڑک پر آنے لگ گیا۔ شہریوں کو اور ٹریفک کے گزرنے میں مشکلات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

سکھر میں گرمی میں اضافہ، درجہ حرارت بڑھنے لگا، شہری گھروں میں محصور

سکھر (اسٹاف رپورٹر) سکھر میں گرمی میں اضافہ، درجہ حرارت بڑھنے لگا، سڑکوں پر سناٹے چھا گئے، شہری گھروں میں محصور، ٹریفک بھی معمول سے کم، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع تفصیلات کے مطابق ملک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

ریٹائر ہونے والے ملازمین کی خدمات سے استفادہ حاصل کیا جائے گا

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) ریٹائر ملازمین کی بھی ادارے کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں۔ ریٹائر ملازمین کی خدمات سے استفادہ حاصل کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے ہر دل عزیز ملازم ایاز زیدی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے امریکی حملے کو خطرناک قرار دے دیا

اس نازک لمحے میں یہ انتہائی ضروری ہے کہ افراتفری کے دائرے میں نہ پھنسیں، کوئی فوجی حل نہیں ہے، انتونیو گوتریس

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

کراچی جتنا سندھ کا ہے اتنا پاکستان کا بھی ہے

خالد مقبول

اگر کراچی سندھ کے بجٹ کا 97 فیصد دیتا ہے تو یہ پورے صوبے کا مالک ہے اس کے باوجود یہ شہر دنیا کے بدترین ممالک میں شامل ہے، چیئرمین ایم کیو ایم

اگر ہم نے موجودہ صورتحال کو قومی صحت پالیسی کا حصہ نہ بنایا تو آنے والے دنوں میں مسائل سنگین ہو سکتے ہیں، وفاقی وزیر صحت

ڈاکٹر نادیہ عزیز مصطفیٰ کہتی ہیں کہ پاکستان اور سندھ کسی کے باپ کا نہیں۔ کراچی جتنا سندھ کا ہے۔ اتنا ہی اس ملک کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

سکھر میں گرمی میں اضافہ، درجہ حرارت بڑھنے لگا، شہری گھروں میں محصور

سکھر (اسٹاف رپورٹر) سکھر میں گرمی میں اضافہ، درجہ حرارت بڑھنے لگا، سڑکوں پر سناٹے چھا گئے، شہری گھروں میں محصور، ٹریفک بھی معمول سے کم، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع تفصیلات کے مطابق ملک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

زلزلے کی گہرائی زمین کے اندر 10 کلو میٹر تھی، محکمہ موسمیات

جبکہ شدت 3.8 ریکارڈ کی گئی، محکمہ موسمیات کے مطابق زلزلے کا مرکز (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے ملیر اور اس کے اطراف میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

سکھر: میئر سکھر ارسلان اسلام شیخ بینظیر بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

غزہ میں قتل عام اور اب ایران پر چڑھائی کرنا زیادتی ہے، مولانا عبدالخبیر آزاد

ایران پر اسرائیلی حملوں کا اقوام متحدہ نوٹس لے، جنگ کی مسئلے کا حل نہیں، شرکا سے خطاب

ملتان (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر مولانا عبدالخبیر آزاد نے کہا ہے کہ غزہ میں قتل عام اور اب ایران پر چڑھائی کرنا زیادتی ہے۔ ملتان میں اتحاد المسلمین کے شرکاء سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

غزہ پر اسرائیلی جارحیت جاری 48 گھنٹوں میں مزید 200 سے زیادہ فلسطینی شہید

202 لاشیں غزہ کے اسپتالوں میں پہنچائی گئی ہیں، اسی دوران اسرائیلی حملوں میں 1 ہزار 37 افراد بھی زخمی ہوئے ہیں، غزہ وزارت صحت

202 لاشیں غزہ کے اسپتالوں میں پہنچائی گئی ہیں، اسی دوران (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 29) بمباری سے مرنے 200 سے زیادہ فلسطینی شہید ہوگئے۔ 20 ماہ سے زائد مرنے سے جاری اسرائیلی حملوں میں شہدا کی تعداد 56 ہزار تک پہنچ گئی۔ غزہ کی وزارت صحت کا کہنا ہے کہ گزشتہ 48 گھنٹوں میں

کراچی 5 ماہ میں ٹریفک حادثات میں 427 افراد جان بحق

5503 زخمی

ان حادثات میں اضافے کے پیش نظر، سندھ حکومت نے بھاری گاڑیوں پر ٹفک و حرکت کے اوقات میں تبدیلی کی ہے اور ان کی فٹنس کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں، لیکن اس کے باوجود ٹریفک حادثات میں کوئی فرق نہیں پڑا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کا حدود میں رواں سال کے ابتدائی پانچ ماہ میں مختلف ٹریفک حادثات میں 427 افراد جاں بحق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

بی ایس کرمنالوجی طلبا کا ایس ایف ہیڈ کوارٹرز کا دورہ، منشیات کیخلاف قومی حکمت عملی سے آگاہی

اے ایس ایف محدود وسائل کے باوجود بین الاقوامی سطح پر منشیات فروش گروہوں کے خلاف موثر کارروائیاں کر رہی ہے، بریگیڈیئر عمران علی

راولپنڈی (پیرو رپورٹ) این ایف سی انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، ملتان کے بی ایس کرمنالوجی ڈیپارٹمنٹ کے فیکلٹی ممبران اور طلباء انسداد منشیات کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

بجٹ میں مم گریڈ والے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا ہے

ناصر حسین شاہ

ہم نے فور کے لیے وفاقی حکومت کو خط لکھا تھا، اور سندھ حکومت نے اس کے لیے اربوں روپے مختص کیے ہیں، کے فور ہمارا ترجیحی منصوبہ ہے، جس پر ہم کسی بھی صورت میں کام جاری رکھیں گے، صوبائی وزیر توانائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ بجٹ میں مم گریڈ والے ملازمین کی تنخواہوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

بلاول کی سیاست سے میرا کوئی تعلق نہیں، ذوالفقار جونیئر

آج کی پیپلز پارٹی زرداری گروپ کے قبضے میں ہے، یہ پیپلز پارٹی نہیں، زرداری گروپ ہے، مقامی سماجی تنظیم کے پروگرام میں گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ذوالفقار علی بھٹو جونیئر کا کہنا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کے ساتھ ان کی بہت پارٹیوں میں رہا لیکن بلاول کی سیاست سے ان کا کوئی تعلق نہیں۔ کراچی میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

پیپلز پارٹی کے وفد کی مولانا فضل الرحمٰن کی رہائشگاہ آمد، بیٹے کی خیریت دریافت کی

کارکنوں اور دیگر کی سربراہ سے پرتپاکی سے ملاقات کی فضل الرحمان سے ملنے جاچکا۔ خورشید شاہ، قمر زمان اور مولانا امجد وغیرہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

دوسرے ملکوں کو جہنم بنانے والا شخص نوبل پرائز کا مستحق ہوسکتا ہے؟ مفتی تقی عثمانی

امریکا کا ایران پر حملہ انتہائی قابل مذمت ہونے کے علاوہ ان کے پچھلے وعدوں کی صریح خلاف ورزی ہے، ممتاز عالم دین کا سوشل میڈیا پیغام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز عالم دین مفتی تقی عثمانی نے امریکا کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

امریکا کا ایران کی جوہری تنصیبات پر حملہ عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، سربراہ سنی تحریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سربراہ پاکستان سنی تحریک محمد شاداب رضا نقشبندی نے کہا ہے کہ امریکا کا ایران کی جوہری تنصیبات پر حملہ عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ اسی سلسلے میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

اسرائیل اور امریکا کو جارحیت اور جنگی جرائم سے کون روکے گا اگر یہی حالت رہی تو تیسری عالمی جنگ ہوسکتی ہے، محمد شاداب رضا نقشبندی

منشیات کیخلاف اجتماعی جدوجہد انتہائی ضروری ہو چکی ہے، ملک عبدالناصر

آج کا نوجوان صرف چرس، بھنگ، ہیروئن یا الیکوہل تک محدود نہیں رہا، زہریلی اشیاء کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الکریم ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

ایم کیو ایم کا چیلنج سندھ میں صوبے بنانے کی باتوں سے ہی بکتا ہے

سعید غنی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ بجٹ 2025-26 میں محکمہ بلدیات کے تحت سندھ بھر کے لیے 131.9 ارب روپے میں سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

ایران پر حملہ صدر ٹرمپ کے خلاف مواخذے کی بنیاد ہے، امریکی رکن کانگریس

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی رکن کانگریس نے ایران پر حملے کو آئین کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف مواخذے کی بنیاد قرار دے دیا۔ ایس پی چاری بیان میں امریکی خاتون رکن کانگریس الیگزینڈریا اوکاسیو کورٹیز نے کہا کہ صدر ٹرمپ کا کانگریس کی منظوری کے بغیر ایران پر بمباری کا عنوان فیصلہ کن ہے اور کانگریس کے جنگی اختیارات کی تکنین خلاف ورزی ہے۔

پیپلز پارٹی کے وفد کی مولانا فضل الرحمٰن کی رہائشگاہ آمد، بیٹے کی خیریت دریافت کی

پیپلز پارٹی کے وفد کی مولانا فضل الرحمٰن کی رہائشگاہ آمد، بیٹے کی خیریت دریافت کی

دختر مشرق شہید بینظیر بھٹو کی سالگرہ کی مناسبت سے پی آئی بی کالونی میں کیک کاٹنے کی تقریب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کراچی کے ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات وثقافت ہولہ 235 NA محمد آصف خان نے پی پی پی دختر مشرق کو کمیٹی کے چیئرمین و سابق صدر ضلع شرقی حیدر جاوید کی جانب سے دختر مشرق شہید بینظیر بھٹو کی 72 ویں سالگرہ کی مناسبت سے PS102 پی پی آئی کالونی میں کیک کٹنگ کے پروگرام میں شرکت کی۔

ایران پر حملہ صدر ٹرمپ کے خلاف مواخذے کی بنیاد ہے، امریکی رکن کانگریس

ایران پر حملہ صدر ٹرمپ کے خلاف مواخذے کی بنیاد ہے، امریکی رکن کانگریس

کشمور پولیس اور رینجرز کا کندھکوٹ وغوشپور میں مشترکہ سرچ آپریشن، 4 مشتبہ افراد گرفتار

آپریشن کے دوران ہوٹلوں کی مکمل تلاشی لی گئی اور تلاش ایپ کے ذریعے مشتبہ افراد کی فوری شناخت کی کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا موثر استعمال کیا گیا، ایس ایس پی کشمور

کندھکوٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس ایس پی کشمور زبیر شیخ احمد شیخ کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ایس ڈی پی او (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

کشمور: پاکستان رینجرز سندھ اور پولیس کے اہلکار کچے کے علاقے میں مشترکہ سرچ آپریشن کر رہے ہیں

روزنامہ تشکر نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور یڈیڈس III-B-1/3 فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

بلدیہ عظمی کراچی کا مالی سال 2025-26 کا بجٹ تیار کرلیا گیا

کراچی چاہتا ہے تو پاکستان چاہتا ہے سائنسی کرنیوالا نام کا ہونگا

مرتضیٰ وہاب

اس شہر کی اہمیت اتنی بڑی ہے کہ لوگ لاہور یا ملتان کیوں نہیں جاتے؟ یہاں تقریباً تین کروڑ افراد آباد ہیں، اور کراچی کے ریسٹورنٹس اور اداروں میں پورے ملک کے لوگ کام کرتے ہیں، میئر کراچی

کراچی (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی علی سلیم کی ہدایت پر ناگن چورنگی کے قریب واقع ایس ٹی 19 کی حدود میں قبضہ مافیا کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے چار ایکڑ رفاہی زمین واگزار

ناگن چورنگی پر چار ایکڑ رفاہی زمین قبضہ مافیا سے واگزار

کراچی (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی علی سلیم کی ہدایت پر ناگن چورنگی کے قریب واقع ایس ٹی 19 کی حدود میں قبضہ مافیا کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے چار ایکڑ رفاہی زمین واگزار

وسطی کے مطابق مذکورہ زمین کی ذی اے کی ملکیت ہے اور اس پر پہلے بھی ایف آئی آر درج کروائی جا چکی تھی۔ اہل علاقہ کی جانب سے موصول ہونے والی متعدد شکایات کے بعد یہ

کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ڈپٹی سلیم کا کہنا تھا کہ اس ایسے اقدامات کے دو ٹھکے طویل آپریشن کے دوران زمین پر غیر قانونی طور پر قائم خانہ کو بے گھر کیا گیا۔ کارروائی کے دوران لینڈ گریجز کا عزم ظاہر کیا کہ شہر میں غیر قانونی قبضوں کے خلاف کارروائیاں بلاتفریق جاری رہیں گی۔

آئی جی جیل خانہ جات سندھ فدا حسین مستوئی کا سینٹرل جیل کراچی کا دورہ

کراچی (کرائم رپورٹر) آئی جی جیل خانہ جات سندھ فدا حسین مستوئی نے سینٹرل جیل کراچی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے جیل کی سکیورٹی، صفائی، نظم و ضبط اور قیدیوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری اصلاحی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ آئی جی جیل

نے قیدیوں کے لیے تیار کیے جانے والے کھانے کا معائنہ کیا اور معیار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے جیل میں موجود طبی، ڈی، ویسٹیج، ویلڈنگ اور دستکاری کے مختلف سیکشنز کا دورہ کیا جہاں کیا اور وہاں جاری تربیتی سرگرمیوں کو سراہا۔ اس موقع پر فدا حسین مستوئی نے کہا کہ قیدیوں کو معاشرے کا بہتر شہری بنانے کی کوششیں جاری ہیں، اور حکومت کی اولین ترجیح قیدیوں کی فلاح و بہبود ہے۔ انہوں نے کہا کہ

جیلوں میں اصلاحی سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جا رہا ہے، جا کہ قیدی رہائی کے بعد ایک باعزت اور بامقصد زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ قیدیوں کو ہنرمند بنانے کے لیے تربیتی پروگرام مسلسل جاری ہیں اور جیل اصلاحات کے لیے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ جیل کا ماحول مزید بہتر بنانے، صفائی اور صحت کی سہولیات کو بہتر کرنے کے لیے بھی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ آئی جی جیل خانہ جات نے قیدیوں کے کام کا مشاہدہ کیا، ان کی محنت کو سراہا اور افسران کو سکیورٹی اور اصلاحات سے متعلق مزید ہدایات جاری کیں۔ دورے کا مقصد قیدیوں کو تعلیم و تربیت کے ذریعے معاشرے کا مفید اور فعال شہری بنانا تھا۔

ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ سندھ اقبال میمن کے خلاف نیب تحقیقات کا آغاز، 24 جون کو طلبی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیب کراچی نے ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ سندھ اقبال میمن کے خلاف تحقیقات کا آغاز کرتے ہوئے 24 جون کو نیب دفتر میں طلب کرلیا ہے۔ اقبال

CONFIDENTIAL
GOVERNMENT OF PAKISTAN
NATIONAL ACCOUNTABILITY BUREAU
(BUREAU)
PRICE BUILDING, ZAMZAMA, KHAYABAN-E-SHAHBAZ
BLOCK 4, CLIFTON, KARACHI
OUR FAITH, CORRUPTION FREE PAKISTAN
No. NAB/KBR/BN/Enquiry-Allegations/2025/ 2369
Dated: 19 June 2025
To:
Muhammad Iqbal Memon,
Additional Chief Secretary,
Home Department, Govt. of Sindh,
Karachi.
Subject: Call for Notice - Inquiry against Muhammad Iqbal Memon, Additional Chief Secretary, Home Department, Govt. of Sindh and Others.
1. Whereas, the Hon'ble Judge Accountability Court No. 1 Hyderabad vide Order dated 05-06-2025 has ordered inquiry against you regarding the grant of frequent, undue and unjustifiable permission to accused Umber Trial Weaver LLP (among many) Imran Ahmed Shaikh to be released on the parole without the approval of Chief Minister Sindh.
2. Whereas, Director General, NAB Karachi has constituted the Inquiry Commission to probe into the matter and submit the Inquiry Report in the Hon'ble Accountability Court within one month from effective from 5th June 2025.
3. In view thereof, you are hereby requested to appear before the inquiry committee headed by Additional Director, Investigation Wing, (I) on 24.06.2025 at 1200 hrs in NAB Karachi, PRICE BUILDING, Fifth Dr. Ziauddin Road, Kareem Commercial, Karachi to record your statement along with complete record thereof (original and 1st set of certified copies) of meaning the accused LLP namely Imran Ahmed Shaikh and others.
4. This notice is issued with the approval of DG NAB (Karachi).
Director General
Deputy Director (Inv. Wing) (I)
Copy to: Registrar, Hon'ble Accountability Ct.No.1, Hyderabad

میمن کے خلاف نیب تحقیقات نیب عدالت کے حکم پر شروع کی گئی ہیں۔ ان پر الزام ہے کہ انہوں نے کرپشن کے مقدمے میں ملوث اندر ٹرائل قیدی عمران شیخ کو بغیر کسی قانونی جواز اور وزیر اعلیٰ سندھ کی منظوری کے پیرول پر رہا کرایا

نیو کراچی میں رہائشی مکان میں قائم گٹکا ماوا فیکٹری بے نقاب، تین ملزمان گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) نیو کراچی کے سیکٹر 11-D میں ڈیفنس پارک کے قریب ایک رہائشی مکان میں

قائم گٹکا ماوا فیکٹری پر چھاپہ کر کے کامیاب چھاپہ مار کارروائی کی گئی۔ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں محمد پٹھان ولد اختر، محمد ولد محمود اور محمد عاطف ولد صلاح الدین شامل ہیں۔ کارروائی کے دوران فیکٹری سے بھاری مقدار میں ممنوعہ مواد اور تیاری کا سامان برآمد کیا گیا، جن میں تین ڈرم سیلی چھالیاں، ہر ایک کا وزن 37 کلوگرام، کل 111 کلو، دو گلوٹین (رشدہ پودر)، دو گلوکوز کا ماوا کا پیکٹ، تین خالی بوریاں اور 100 پیکٹ چائنہ مٹی کا ماوا شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم میر پٹھان آئی آر اسٹیٹ سے اور اس سے قبل چوری شدہ گاڑیاں اور چھینے گئے موبائل فونز کی آئی ایم آئی تبدیل کرنے کے جرم میں بھی گرفتار ہو چکا ہے۔ اعلیٰ افسران کی ہدایات پر نیو کراچی کی حدود میں گٹکا ماوا فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اور ممنوعہ اشیا کے کارخانوں پر بھی چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ الزام نمبر 409/2025 بجرم دفعہ (3/4/6/8) گٹکا ماوا ایکٹ کے تحت درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

منشیات سپلائی کے الزام میں گرفتار ٹک ٹاکر ملزمہ کے دوران تفتیش ہوش ربا انکشافات

کراچی (کرائم رپورٹر) درخشاں پولیس کے ہاتھوں منشیات سپلائی کرنے کے الزام میں گرفتار ٹک ٹاکر ملزمہ کی ابتدائی انٹیروگیشن رپورٹ سامنے آ گئی جب کہ ملزمہ اس سے قبل بھی 2 مرتبہ چوری کے مقدمات میں گرفتار ہو چکی ہے۔ درخشاں پولیس کے ہاتھوں منشیات سپلائی کرنے کے الزام میں گرفتار ملزمہ کی ابتدائی انٹیروگیشن رپورٹ سامنے آ گئی، گرفتار ملزمہ کی ابتدائی انٹیروگیشن کیا کہ پوش علاقوں میں پارٹیوں میں آنا جانا شروع کیا۔ وہاں سے اس کو گیمز کو انٹرنے کی اور منشیات کی سپلائی کا کام بھی شروع کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمہ اس سے قبل بھی 2 مرتبہ چوری کے مقدمات میں گرفتار ہو چکی ہے۔ گرفتار ملزمہ نے دوران تفتیش بھگنہ نام لیے جن میں کن گرفتاریوں کی کوشش کی جا رہی ہے۔ درخشان پولیس ٹیائیلی جنٹ بنیاد پر ایپس فیز 2 گیمیس انٹرپٹ ایشان بدر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش ملزمہ بارہ عرف جو بلوچ دختر رانجھا کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے اس برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق گرفتار منشیات فروش ملزمہ کا نام انجلی براہی کی کی ٹیکٹری کی فہرست میں شامل ہے اور دو بک نا گرب۔ ملزمہ کے مطابق وہ وڈانگ کبھی کر چکی ہے اور اس سے قبل پولیس کے ہاتھوں گرفتار بھی ہو چکی ہے۔ گرفتار ملزمہ کے خلاف مقدمہ الزام نمبر 454/25 منشیات ایکٹ کے تحت درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ گرفتار ملزمہ کی ابتدائی انٹیروگیشن رپورٹ سامنے آ گئی۔ انٹیروگیشن رپورٹ میں ملزمہ نے اہم

انکشافات کیے ہیں، یہ رپورٹ کے مطابق ملزمہ نے بتایا کہ اس کی پیدائش کلفٹن اقبال کی ہے اور اس نے انٹرمیڈیٹ تعلیم حاصل کی ہوئی ہے۔ ملزمہ نے بتایا کہ 2007 میں اس نے ڈانگ شروع کی۔ والد نے والدہ کو طلاق دے دی تھی اور والدہ نے 2017 میں دوسری شادی کرلی تھی جبکہ 2020 میں والد کا انتقال ہو گیا تھا۔ والدہ کے دوسرے شوہر سے دو بچے تھے جن سے آئے روز جھگڑا ہوتے پر سٹیم گرم شی میں



قلیت لے لیا اور وہ شمت ہو گئی اور ڈانگ کا کام کرنی رہی۔ ساتھ ساتھ سوشل میڈیا بریک ٹاک پر بھی ویڈیوز بنانی شروع کی اور مشہور ہو گئی۔ اس دوران میں نے پارٹیوں میں آنا جانا شروع کر دیا۔ جہاں میں انس اور گورکین کا شکر ہے نے کہا کہ منشیات کی سپلائی کا کام بھی شروع کیا اور اس کام کے لیے بھی سوشل میڈیا کا سہارا لیا۔ ملزمہ نے بتایا کہ وہ چوری بھی کیا کرتی تھی اور درخشان اور اصل تھانے کی پولیس کے ہاتھوں 2 مرتبہ گرفتار بھی ہو چکی ہے۔ ملزمہ نے انکشاف کیا کہ وہ پوش علاقوں میں پارٹیوں میں اور دیگر ذرائع سے رابطہ کر کے نوجوان لڑکوں میں آئس اور دیگر منشیات کی سپلائی کرتی ہے۔



سلمان خان سنگین بیماریوں کا شکار، تشویشناک انکشاف سامنے آ گیا

کراچی (ٹھیز نیوز) بالی ووڈ کے سپر اسٹار سلمان خان کا ایک سے زیادہ سنگین بیماریوں میں مبتلا ہونے کا انکشاف سامنے آ گیا ہے، جس کے باعث وہ شادی کا فیصلہ کبھی نہ کر سکے۔ بالی ووڈ کے دبنگ ہیرو سلمان خان نے نئی کریٹ انٹرین کیلئے شوٹ اپنی بیماریوں کا تذکرہ کرتے کہا ہے کہ ڈاکٹروں کو تجزیہ کیا ہے۔ سلمان خان نے کہا کہ ڈاکٹروں کو بتایا کہ میرے کئی خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہونے کے باوجود اپنا کام چلتا رہے گا کے بوجھ ہے۔ شو کے نیرجان کیل شرما نے سلمان خان سے ان کی شادی نہ کرنے سے متعلق سوال کو پیچھا کیا جس پر سلمان خان نے جواب دیا کہ میرے دوست ڈیلیوں اور ہیں، ایلیاں ٹوٹ چکی ہیں، ڈسٹمل کو دیا انٹیا شیشن کیا ہے، پھر بھی بھی دماغ میں اندر دم ہے، اس سے باوجود کام کر رہے ہیں، اے وی ماقلیا شیشن کیا ہے، پھر بھی بھی دماغ میں اندر دم ہے، اس سے باوجود کام کر رہے ہیں۔ سلمان خان نے جن بیماریوں کے نام



جناح ایئرپورٹ کے قریب پولیس اہلکاروں کی رشوت ستانی، ایڈیشنل آئی جی نے انکوائری رپورٹ طلب کرلی

کراچی (کرائم رپورٹر) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب پولیس اہلکاروں کی جانب سے سینئر شہریوں کے ساتھ بدتمیزی کے واقعے پر ایڈیشنل آئی جی سندھ کراچی جاوید عالم اوڈھو نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی ایسٹ سے فوری طور پر رپورٹ طلب کرلی ہے۔ ایڈیشنل آئی جی سے واقعے کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے واضح کیا گیا کہ پولیس فورس میں بدنظمی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اور واقعے میں ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

کورنگی انڈسٹریل ایریا میں پولیس مقابلہ، ہلاک تینوں ملزمان کی شناخت اور مجرمانہ ریکارڈ سامنے آ گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) ایسٹ زون میں تھانہ کورنگی انڈسٹریل ایریا کی حدود میں گزشتہ رات ہونے والے دو مختلف پولیس مقابلوں میں ہلاک ہونے والے تین ملزمان کی شناخت اور گرمانہ ریکارڈ سامنے آ گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزمان کی شناخت جمیل احمد ولد محمد، رحیم ولد محمد زمان اور اختر ولد محمد اکبر کے نامہ میں

ہوئی ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ تینوں ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہے اور ماضی میں ڈکیتی، پولیس مقابلے اور اقدام قتل جیسے سنگین جرائم میں گرفتار ہو کر جیل جا چکے ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ شہر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، ہر ایسے عناصر کو قانون کے حوالے سے اپنا کیا جا رہا ہے۔

کراچی ایئرپورٹ پر پاکستان کسٹمز کی کارروائی، 2 کروڑ 38 ہزار مالیت کے ہیروں سے مزین زیورات ضبط

کراچی (کرائم رپورٹر) پاکستان کسٹمز نے کراچی ایئرپورٹ پر ایک کارروائی کے دوران 2 کروڑ 38 ہزار مالیت کے ہیروں سے جڑے زیورات کو قبضے میں لے لیا۔ یہ کارروائی اسسٹنٹ کلکٹر کسٹمز کی قیادت میں عمل میں آئی، جنہوں نے اسمگلنگ کی کوششوں کے خلاف سخت اقدامات اٹھانے کا عزم کیا ہے۔ اس کارروائی کی نگرانی کرنے والی ٹیم میں انچارج پی او ٹیب حیات اور ایک اور انچارج اشرف شامل تھے، جنہوں نے بتایا کہ پاکستان کسٹمز کی ٹیم کسی بھی کوشش کو ناکام بنانے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسسٹنٹ کلکٹر ایئرپورٹ کی رہنمائی میں، ادارہ قانون کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے، اور وہ مسلسل اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کلکٹر کسٹمز نے کہا کہ پاکستان کسٹمز مقصد اسمگلنگ کی لعنت کو مکمل طور پر ختم کرنا ہے، اور وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات جاری رکھے گا کہ ملک کی سرحدیں محفوظ رہیں۔ انہوں

نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اسمگلنگ کے خلاف آگاہی پھیلائیں، کیونکہ عوامی تعاون اس جنگ میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ کارروائی اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ پاکستان کسٹمز اسمگلنگ کے خلاف اپنی جنگ میں سنجیدہ ہے اور اس کے

عزم میں کوئی کمی نہیں آئی ہے۔ ادارے کی کوششیں نہ صرف قومی معیشت کو محفوظ بنانے کے لیے اہم ہیں بلکہ یہ ملک کی بین الاقوامی ساکھ کو بھی بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں گی۔ اس طرح کی کارروائیاں یہ واضح کرتی ہیں کہ پاکستان کسٹمز اپنی ذمہ داریوں کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔

ڈسٹرکٹ سٹی پولیس کی ٹارگٹڈ کارروائیاں، 3 اسٹریٹ کرمنلز اور موٹر سائیکل لفٹر گرفتار

کراچی (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ سٹی پولیس نے مختلف علاقوں میں ٹارگٹڈ کارروائیاں کرتے ہوئے 3 اسٹریٹ کرمنلز اور ایک موٹر سائیکل لفٹر کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان

سے 3 پستول بمعہ راؤنڈز اور ایک چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق کارروائیاں علاقہ بفادی، گیگو اور گارڈن کی حدود میں عمل میں لائی گئیں، جن میں گرفتار ملزمان کی شناخت سعید حسین، خالد ریحان اور علی فواز کے ناموں سے ہوئی ہے۔ برآمد شدہ موٹر سائیکل نمبر KIB-7968 کے حوالے سے مقدمہ الزام نمبر 347/2025 بجرم دفعہ-381 تھانہ ڈکس میں درج ہے۔ حکام کے مطابق ملزمان علاقے اور پیشہ ور مجرم ہیں اور اس سے قبل بھی مختلف سنگین مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل جا چکے ہیں۔ ملزم خالد کو ماضی میں غیر قانونی اسلحہ اور موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں گرفتار کیا گیا

تھا۔ ملزم ریحان منشیات فروشی کے مقدمے میں جیل جا چکا ہے۔ تمام گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں مقدمات درج کر دیے گئے اور انہیں مزید قانونی کارروائی کیلئے اے وی ایل (AVLC) اور تفتیشی حکام کے حوالے کیا جا رہا ہے۔

آرام باغ میں پولیس اور ملزمان کے درمیان مقابلہ، اسلحہ، نقدی اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی ساؤتھ مبشر علی کے مطابق آرام باغ پولیس نے کارروائی کے دوران دو اسٹریٹ کرمنلز سے دو روز مقابلہ کیا، جس میں ایک ملزم زخمی اور دوسرا انجمد مزاحمت کر رہا ہے۔ پولیس کے مطابق ان کے قبضے سے 3 بور پستول، پانچ زندہ راؤنڈز اور دو سیل فون برآمد کیے گئے ہیں۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق ملزمان کی شناخت واعظ بخش ولد بورا اور قادر ولد محمد ابراہیم کے ناموں سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 104 گرام آئس اور مولیکیولر بلک لیفل کے چھے پیکٹ، جبکہ ان کے قبضے سے 9 موبائل فونز برآمد ہوئے ہیں۔ ملزمان کے پاس سے چوری شدہ موٹر سائیکل نمبر KBC-9146 برآمد ہوا، جبکہ برآمد شدہ موٹر سائیکل کا مقدمہ الزام نمبر 349/2025 بجرم دفعہ-381 میں چوری شدہ گاڑی، اسلحہ ایکٹ کے تحت درج ہے۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق ذیشان خان کا ریکارڈ بھرا ہوا ہے اور وہ پانچ بار جیل جا چکا ہے۔ سال 2019 میں اس نے رچمونڈ ٹاؤن کے علاقے میں دوران

ڈکیتی مزاحمت پر ایک شہری کو گولی مار کر زخمی کیا تھا۔ مزید تفتیش کے دوران یہ بھی انکشاف ہوا کہ گرفتار ملزمان نے اپنے تیسرے ساتھی کے ہمراہ مورخہ 8 اپریل 2025 کو آرام باغ میں دو ڈمپر ڈرائیور دکانوں پر واردات کیں، جن کی CCTV فوٹیج

پولیس کے پاس موجود ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے تاکہ دیگر ساتھیوں تک بھی رسائی حاصل کی جا سکے۔

پاکستان سنی تحریک کی ایران پر امریکی فضائی حملوں کی مذمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے چیئرمین الشیخ محمد شوت اعجاز قادری مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری مرکزی سکرٹری جنرل صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری شاہی نے ایران پر امریکی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ دوسرے ممالک کی خودداری سے کھیل رہا ہے۔ کفر عالم اسلام کے خلاف بگاڑ چاہتا ہے۔ اسٹیم سکیو کو کفار کے جھوٹے پروپیگنڈے سے ہوشیار رہنا ہوگا۔ شوت اعجاز قادری نے ایران پر امریکی حملے کے حوالے سے کہا کہ کفار کا یہی

مسلمانوں کے خون ناحق بہتے ہوئے تھے، کفار ہماری صفوں میں دراڑیں ڈال کر ہمیں ملبوسہ ملبوسہ کرنا چاہتے ہیں۔ دنیا میں امن کو پیار کرنے والا امریکہ جنگی عالمی امن کو خطرے میں ڈالنے میں پیش پیش ہے۔ یہودی امت مسلمہ کی نظریں پاکستان پر ہیں۔ پاکستان کو امریکہ سے ایران پر حملہ کرنے کی وضاحت مانگنی چاہیے۔ امریکہ بھی عالمی قوانین اور انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ اقوام متحدہ کو آگے آنا چاہیے اور انسانی حقوق کی تنظیموں کی خاموشی بھی سوالیہ نشان ہے۔

موچکو پولیس کی کارروائی، منشیات فروش گروہ کے 2 ملزمان گرفتار، آئس اور چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

کراچی (کرائم رپورٹر) ضلع کیماڑی کے تھانہ موچکو پولیس نے سارکو روڈ ایمرجنسی چوک کے قریب

کامیاب کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی ایس ایس پی کیماڑی تفتیش (ڈیفیکٹو) کی ہدایت پر کی گئی۔ ملزمان کی شناخت واعظ بخش ولد بورا اور قادر ولد محمد ابراہیم کے ناموں سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے 104 گرام آئس اور مولیکیولر بلک لیفل کے چھے پیکٹ، جبکہ ان کے قبضے سے 9 موبائل فونز برآمد ہوئے ہیں۔ ملزمان کے پاس سے چوری شدہ موٹر سائیکل نمبر KBC-9146 برآمد ہوا، جبکہ برآمد شدہ موٹر سائیکل کا مقدمہ الزام نمبر 349/2025 بجرم دفعہ-381 میں چوری شدہ گاڑی، اسلحہ ایکٹ کے تحت درج ہے۔ ایس ایس پی ساؤتھ کے مطابق ذیشان خان کا ریکارڈ بھرا ہوا ہے اور وہ پانچ بار جیل جا چکا ہے۔ سال 2019 میں اس نے رچمونڈ ٹاؤن کے علاقے میں دوران ڈکیتی مزاحمت پر ایک شہری کو گولی مار کر زخمی کیا تھا۔ مزید تفتیش کے دوران یہ بھی انکشاف ہوا کہ گرفتار ملزمان نے اپنے تیسرے ساتھی کے ہمراہ مورخہ 8 اپریل 2025 کو آرام باغ میں دو ڈمپر ڈرائیور دکانوں پر واردات کیں، جن کی CCTV فوٹیج پولیس کے پاس موجود ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے تاکہ دیگر ساتھیوں تک بھی رسائی حاصل کی جا سکے۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر کریک ڈاؤن، 9442 گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں ضبط

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر بھر میں ٹریفک قوانین کے خلاف کے جاری مہم کے دوران 10 جون 2025 سے اب تک 9442 گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں ضبط کی جا چکی ہیں۔ ٹریفک پولیس کے مطابق سیکڑوں گاڑیاں خلاف ٹوٹیف کی خلاف ورزیوں میں ملوث ہیں، جن میں ہیلمٹ کا نہ ہونا یا غیر معیاری اور ایسٹی نیم پلیٹس کا استعمال، گاڑی کی رجسٹریشن نہ ہونا، ڈرائیونگ لائسنس کی عدم موجودگی اور موٹر سائیکل پر ایک سے زیادہ سواریوں کا پیشانہ شامل ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ قانون کی عملداری کو یقینی بنانے کے لیے یہ کارروائی جاری رہے گی۔ ٹریفک پولیس کے مطابق خلاف ورزی کرنے والے شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ٹریفک قوانین کی پابندی یقینی بنائیں۔

سائرن کی نمبر پلیٹس کا استعمال کریں، ڈرائیونگ لائسنس (بائیسکل) بنائیں اور موٹر سائیکل پر سوار دونوں افراد ہیلمٹ کا استعمال کریں۔ حکام کے مطابق سینٹ -6 گلفٹ نظام اور نظرباتی شدہ جرمانوں کی تیاری کا عمل جاری ہے۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ ٹریفک قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں۔

یوتھ کنونشن 2025 اوبن ٹوکی، پاکستان میں بچوں پر ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات پر اہم رپورٹ جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) یوتھ کنونشن: موسمیاتی تبدیلی اور نوجوانوں کا کردار کے عنوان سے منعقدہ دو روزہ کنونشن کے دوران اوبن ٹو نے Terre desTre Hommes اور سول سوسائٹی کے شراکت داروں کے تعاون سے اپنی تحقیقی رپورٹ "پاکستان میں بچوں پر ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات" جاری کی۔ کنونشن کا انعقاد گرمائی کے چج گلزری ہوٹل میں کیا گیا، جسے پاکستان اسٹوڈنٹ فورم ۔DevCon

2024 میں 1 کروڑ 10 لاکھ بچے زہریلی ہوا کی زد میں آئے۔ اس کے علاوہ سیلاب زدہ علاقوں میں پچپن کی شادیوں میں 119 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور صرف 3 فیصد بچوں کو قدرتی آفات سے نمٹنے کی تعلیم حاصل ہے۔ اوبن ٹو کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پارو زنجانی خیرت نے کہا کہ یہ صرف اعداد و شمار نہیں بلکہ ہر بچہ زندگیوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم ایک ایسا سسٹمیٹک تغیر کریں جہاں ہر بچہ محفوظ، تعلیم یافتہ اور ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف بااختیار ہو۔ کنونشن میں نوجوانوں کی آوازیں مرکز توجہ رہیں۔ Hommes desTerre کے کنٹری ہیڈ سم حریکو نے کہا کہ نوجوانوں کے پاس وژن اور قیادت کی صلاحیت ہے، ضرورت صرف ان کی رہنمائی اور مواقع فراہم کرنے کی ہے۔ پاکستان فیوٹر فورم کے چیئرمین میران علی شاہ نے نوجوانوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ صرف موسمیاتی ناانصافی کے ساتھ آواز نہیں اٹھا رہے بلکہ اب حل کی قیادت بھی ان کے ہاتھ میں ہے۔ سندھ یوتھ پارلیمنٹ کی چیئرپرسن اقبال بنتھو نے موسمیاتی بحران کو انسانی حقوق کا مسئلہ قرار دیا، جبکہ ڈائریکٹوریٹ آف کلائمیٹ چینج سندھ کے نمائندہ آیان مصطفیٰ بھٹو نے کہا کہ حکومت کو نوجوانوں کی تکنیکی صلاحیتوں کی سرپرستی کرنی چاہیے۔ رپورٹ میں خلاف ورزی کے بچوں کے لیے جائلڈ کلائمیٹ فنڈ کا قیام کا جائے، موسمیاتی تحفظ والے اسکولوں اور بلیاری

روزنامہ تشکر

بقیہ 1

اپنے اپنے دفاتر اور وفاقی تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعاون کے مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور کویت کی قیادت نے اسرائیل اور اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کی اور دونوں رہنماؤں نے اسرائیلی حملوں کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت ایران کو اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور دفاع کا مکمل حق حاصل ہے۔ ملاقات میں کشیدگی کم کرنے کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھنے پر بھی اتفاق ہوا جبکہ سفارتی و قونصلی مشن کی حفاظت میں امن و استحکام کی بحالی میں کردار ادا کرنے پر زور دیا گیا۔ دونوں فریقوں کی جانب سے غزہ میں اسرائیلی جارحیت کو فوری طور پر روکنے کا مطالبہ کیا گیا اور غزہ کے صمود اور کو انسانی امداد کی بلا روک ٹوک فراہمی کی کوششیں تیز کرنے پر زور دیا گیا۔

روزنامہ تشکر

بقیہ 2

ایران پر اسرائیلی حملوں کی طرح بلیک سیاسی، اخلاقی جارحیت کے خلاف ایران کی مکمل سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت کا اظہار کیا۔ ۔ ذراع کے مطابق پاکستان کسی دوسرے کی جنگ، کسی بلاک کی سیاست اور دوسرے ملک کی فوجی تنازعات میں حصہ نہیں لے گا اور ہی اس کا حصہ رہے گا۔ پاکستان کا پہلے ہی سے ایک اصولی موقف ہے۔ ایران کو اپنے دفاع کے تمام حقوق حاصل ہیں اور پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے ایران کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ ذراع کے مطابق پاکستان نے مجیٹ شام حفاظت فریٹین اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ تعامل روابط قائم کیے ہیں اور کرتا رہے گا تاکہ خطہ اور جارحیت کا خاتمہ ممکن ہو اور ہاں بات چیت اور ڈائیلاگ سے امن کو موقع دیا جائے۔ ایسا امن جو پائیدار، باعزت اور باہمی طور پر قابل قبول شرائط پر مبنی ہو۔ اس کا مقصد کشیدگی میں اضافے اور اس کے پھیلنے میں مدد نہیں کرتا بلکہ اس کا مقصد تنازعہ کو ختم کرنا ہے۔ پاکستان کا مانا ہے کہ ہر تنازع کا اختتام بالآخر بات چیت اور رابطوں کے ذریعے ہی ممکن ہوتا ہے اور اس کے لیے پورا قوم متحد ہو کر کام کرتی ہے۔ ذراع نے کہا کہ وہ تاخیر کے بجائے بروقت کوئی پہ امن حل تلاش کریں۔

روزنامہ تشکر

بقیہ 3

برابر ہے شہری ہیں، اور انہیں آئینی طور پر مساوی حقوق حاصل ہیں، کیونکہ قومی اتحاد برابری اور ہم آہنگی سے ہی قائم رہتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ بھارت پاکستان میں دہشتگردی کی پشت پناہی کر رہا ہے، پاک فوج جدید جنگی حکمت عملی کے ساتھ دشمن کو جواب دے رہی ہے۔ اسلام آباد میں منعقد ہونے والے سیمینار سے پاکستان کے سینئر صحافیوں کو انتہائی سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، جس میں صحافیوں کو ہراساں کرنا، میڈیا ہاؤسز کے بند ہونے اور صحافیوں کا بے روزگار ہونا شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار سینئر صحافی اور تجزیہ کار سلیم بخاری نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صرف ایک سینئر صحافی کو ہراساں کرنے کے لیے ایک درجن افراد کام کر رہے ہیں، جس کے ذریعہ صحافیوں کو ہراساں کرنے کے لیے ایک منظم نظام قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف تو پاکستان کے اندر صحافیوں کو ہراساں کرنے کے لیے ایک منظم نظام قائم کیا گیا ہے، دوسری طرف بیرون ملک صحافیوں کو ہراساں کرنے کے لیے ایک منظم نظام قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک صحافی کو ہراساں کرنے کے لیے ایک درجن افراد کام کر رہے ہیں، جس کے ذریعہ صحافیوں کو ہراساں کرنے کے لیے ایک منظم نظام قائم کیا گیا ہے۔ سینئر صحافی نے کہا کہ ایک صحافی کو ہراساں کرنے کے لیے ایک درجن افراد کام کر رہے ہیں، جس کے ذریعہ صحافیوں کو ہراساں کرنے کے لیے ایک منظم نظام قائم کیا گیا ہے۔ سینئر صحافی نے کہا ک